سوال

(390) گھر میں سپیکر کی آواز پر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے گھر سے تھوڑے فاصلے پر مسجد ہے جہا ںجمعہ کی نماز سپیکر لگا کر پڑھتے ہیں، میری والدہ گھر میں سپیکر کی آواز پر امام کی اقتداء میں نماز پڑھتی ہیں۔ یعنی وہ ظہر کی نماز ادا نہیں کرتیں۔ کیا اس طرح کرنا درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گھر میں امام مسجد کی اقتداء میں جمعہ یا کوئی دوسری نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔ کیونکہ فاصلہ زیادہ ہے جس سے اقتداء میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا گھر میں بمطابق عادت اپنی تمام نمازیں الگ پڑھنی چاہئیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :354

محدث فتویٰ